عربی الفاظ کی تین قسمیں ہیں:

1. اسم
2. فعل
3. حرف

- گزشتہ کتاب (Book-4) میں ہم نے تین حروف والے صحیح افعال سیکھے؛ جیسے فَتَحَ، نَصَرَ، ضَرَبَ، سَمِعَ
- اس کتاب میں ہم اب تک نیچے دیے گئے مختلف طرح کے افعال سیکھ چکے ہیں:
  - کمزور افعال، جیسے وَهَبَ، وَعَدَ، قَالَ، زَادَ، دَعَا، هَدٰى
  - یکساں حروف والے افعال، جیسے ظَنَّ، ضَلَّ
  - اور ہمزہ والے افعال، جیسے أَمَرَ، سَأَلَ، قَرَأَ
- Book-4 سے لے کر اب تک جو افعال ہم پڑھ چکے ہیں وہ نیچے ٹیبل میں دیے گئے ہیں، واضح رہے کہ یہ سب تین حرفی افعال ہیں۔

	اللہ نے دینے کا وعدہ کیا ہے	بلکہ کہا: زیادہ دوں گا	اس لیے دعا کرو ہدایت کی	اور اچھا گمان رکھو ورنہ بھٹک جاؤ گے۔	
فَتَحَ	وَهَبَ		سَعٰى		سَأَلَ
نَصَرَ	–	قَالَ	دَعَا	ظَنَّ	أَمَرَ
ضَرَبَ	وَعَدَ	زَادَ	هَدٰى	ضَلَّ	أَتٰى
سَمِعَ	وَسِعَ	شَاءَ	رَضِيَ	مَسَّ	

اس کے بعد ہم نے مزید فیہ کے صحیح افعال سیکھے، جیسے عَلَّمَ، حَاسَبَ، أَسْلَمَ، اِخْتَلَفَ، اِسْتَغْفَرَ، تَدَبَّرَ، تَدَارَسَ، اِنْقَلَبَ.

- جس طرح ہم نے تین حرفی صحیح افعال، کمزور افعال، یکساں حروف والے افعال اور ہمزہ والے افعال پڑھے ٹھیک اسی طرح مزید فیہ افعال بھی آتے ہیں۔
- اگلے اسباق میں ہم ان مزید فیہ افعال کو سیکھیں گے جن میں کمزور حروف، ہمزہ یا یکساں حروف آتے ہیں۔ مزید فیہ کے صحیح افعال اور ان کی دیگر شکلیں بہت ہی اہم ہیں۔ قرآن میں صحیح افعال تقریبًا 4,500 بار آئے ہیں جبکہ بقیہ شکلیں 4,500 بار آئے ہیں۔ اس طرح یہ قرآن میں تقریبًا 9,000 بار آئے ہیں، یعنی اوسطًا قرآن کی ہر لائن میں ایک بار۔

- اب نیچے مزید فیہ افعال کی مختلف شکلوں کو ٹیبل میں دیا جارہاہے۔ اس ٹیبل کو ابھی سے یاد کرنے کی ضرورت نہیں ہے، اگلے اسباق میں ہم ان کو سیکھیں گے۔ ان شاء اللہ

عَلَّمَ	وَفَّقَ	بَيَّنَ، صَوَّرَ	وَلّٰى	ظَلَّلَ
حَاسَبَ	وَاعَدَ	بَايَعَ، جَاوَزَ	نَادٰى	شَاقَّ
أَسْلَمَ	أَوْحٰى	أَقَامَ	أَلْقٰى	أَضَلَّ
اِخْتَلَفَ	اِتَّقٰى (اِوْتَقٰى)	اِخْتَارَ	اِهْتَدٰى	اِخْتَصَّ
اِسْتَغْفَرَ	اِسْتَوْقَدَ	اِسْتَقَامَ	اِسْتَسْقٰى	اِسْتَقَرَّ
تَدَبَّرَ، تَدَارَسَ، اِنْقَلَبَ				

- افعال کے ٹیبل بناتے وقت تین حروف والے کمزور افعال میں جس طرح تبدیلیاں ہوتی تھیں ٹھیک اسی طرح کمزور حروف والے مزید فیہ افعال میں بھی تبدیلیاں ہوں گی۔ اگر آپ کو تین حروف والے کمزور افعال، ہمزہ والے افعال اور یکساں حروف والے افعال کے مختلف ٹیبلس بنانے میں ہونے والی تبدیلیاں یاد ہیں تو پھر آپ مزید فیہ کے مختلف افعال کے ٹیبلس کو بآسانی بنا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہم هَدٰى کے ٹیبل کا اعادہ کرتے ہیں جو ہم نے پچھلے اسباق میں پڑھ لیا ہے۔
- اس کی جمع کی شکلوں کو یاد رکھیے؛(هَدٰى، هَدَوْا، يَهْدِيْ، يَهْدُوْنَ، اِهْدِ، اِهْدُوْا، هَادٍ، هَادُوْنَ)
- مؤنث کا صیغہ هَدَتْ ہوگا۔

هَدٰى: اس نے ہدایت دی (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

فعل ماضِ		فعل مضارِع		فعل أمر، فعل نهي، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام	
هَدٰى	اس نے ہدایت دی	يَهْدِيْ	وہ ہدایت دیتا ہے	اِهْدِ	ہدایت دے!
هَدَوْا	ان سب نے ہدایت دی	يَهْدُوْنَ	وہ سب ہدایت دیتے ہیں	اِهْدُوْا	ہدایت دو!
هَدَيْتَ	آپ نے ہدایت دی	تَهْدِيْ	آپ ہدایت دیتے ہیں	لَاتَهْدِ	مت ہدایت دے!
هَدَيْتُ	میں نے ہدایت دی	أَهْدِيْ	میں ہدایت دیتا ہوں	لَاتَهْدُوْا	مت ہدایت دو!
هَدَيْتُمْ	آپ سب نے ہدایت دی	تَهْدُوْنَ	آپ سب ہدایت دیتے ہیں	هَادٍ	ہدایت دینے والا
هَدَيْنَا	ہم سب نے ہدایت دی	نَهْدِيْ	ہم سب ہدایت دیتے ہیں	مَهْدِيّ	جسے ہدایت دی گئی
هَدَتْ	اس عورت نے ہدایت دی	تَهْدِيْ	وہ ہدایت دیتی ہے	هُدًى/ هِدَايَة	ہدایت دینا